Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۶ رمضان المبارک ۱۳۴۵ھ مطابق ۲۱ مارچ ۱۹۲۷ء	نمبر ۱۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ تنخواہ منشی ضیاء الکبیر	۱ و ۲
۲	منسوخی کارروائی [illegible]	۲
۳	[illegible]	۲
۴	رخصت حافظ [illegible] صاحب	۲
۵	اضافہ حبیب اللہ مستری	۲
۶	رخصت منشی نصیر احمد	۲
۷	بحالی [illegible]	۲ و ۳
۸	معطلی الیاس خاں [illegible]	۳
۹	[illegible]	۳
۱۰	[illegible]	
۱۱	رخصت منشی [illegible]	
۱۲	نقشہ نرخنامہ اجناس	۳
۱۳	[illegible]	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۰ مارچ ۱۹۲۷ء

مثل رپورٹ صاحب فائنشل سکریٹری بہادر دربارہ اضافہ تنخواہ منشی ضیاء الکبیر اہلمد سررشتہ دیوان صاحب صدر اجلاس شرعی کام -

حکم

ضیاء الکبیر اہلمد کی تنخواہ میں [illegible] روپیہ ماہوار اضافہ کیا [illegible] مارچ ۱۹۲۷ء سے

منظور رہی۔ احکام ضابطہ جاری ہون

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۹ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائنشل سکریٹری بہادر دربارہ اضافہ منشی گرو ہاری لال جمع خرچ نویس سررشتہ دیوان صاحب صدر بصلہ حسن خدمات

حکم

گرو ہاری لال جمع خرچ نویس کی تنخواہ مین یکم مارچ سنہ ۱۹۲۷ء سے پانچ روپیہ (عہ) اضافہ منظور رہی۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۹ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائنشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری اضافہ منشی مرلی سہائے سیاہہ نویس خزانہ صدر بلحاظ مستعدی و ملازمت دیرینہ

حکم

مرلی سہائے سیاہہ نویس کی تنخواہ مین پانچ روپیہ (عہ) اضافہ یکم مارچ سنہ ۱۹۲۷ء سے منظور رہی۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۹ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ رپورٹ حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت خود مزید پندرہ یوم با انتظام سابقہ بوجہ بقائے علالت۔

حکم

پندرہ دن کی رخصت با انتظام موجودہ منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۰ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ پندرہ (عہ) روپیہ اضافہ حبیب اللہ مستری واٹر ورکس بوجہ دیرینہ ملازمت و کثرت کار۔

حکم

حبیب اللہ مستری واٹر ورکس کی تنخواہ مین پندرہ روپیہ (عہ) ماہوار اضافہ بموجب رپورٹ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۱ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

مثبتہ رپورٹ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت رعایتی پانچ ماہ از گیارہ اپریل سنہ ۱۹۲۷ء حافظ نصیر احمد اہلمد بندوبست بغرض ادائے حج بیت اللہ شریف وعطائے تنخواہ مدت رخصت۔

حکم

نصیر احمد خان اہلمد بندوبست کی رخصت پانچ ماہ بضرورت سفر حج منظور رہی۔ زمانہ رخصت مین ماہ بماہ تنخواہ دیجائے۔ جسکی وصول تنخواہ کے لئے جسکو نامزد کرے اسکو تنخواہ ملتی رہی۔ ایام رخصت مین کام کا انتظام دوسرے اہلمدان کے ذریعہ سے کیا جائے۔ جدید ملازم نہ رکھا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۸ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

میجر نور محمد خان بہادر و منشی شوکت علیخان پیشکار دیرینہ ملازم ہین اور انکی سروس کا ریکارڈ اچھا رہا ہے۔ انتظاماً تا صدور حکم ثانی معطل کئے گئے تھے۔ چونکہ یہ اپنے قصورات پر نہایت نادم اور شرمندہ ہین اور معافی قصور کی بھی حاصل کی۔ پس اسیقدر سزا کافی ہوگی کہ چوبیس گھنٹہ معطل رہی۔ اور احکام معطلی درج گزٹ ہوگئے لہذا بنظر پرورش انتظاماً انکو تاریخ معطلی سے بحال کیا جاتا ہے۔ اور یہ سزا انکی آیندہ ترقی مین مخل نہوگی۔ بسلسلہ معطلی شوکت علیخان کا تبادلہ انکا دفتر منشی پر کردیا تھا وہ بھی منسوخ کیا جاتا ہے وہ اپنی جگہ پر بدستور واپس ہون۔ اور

مکھن لال اکاؤنٹنٹ پر واپس ہو۔ بقیہ سزائیں بدستور رہیں۔ اور نیز الیاس خان مارکر کا حکم معطلی درج گزٹ کیا جائے۔ سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاؤس کا جواب ملاحظہ ہوا۔ انہوں نے انتظامی حالت کی بابت لکھتے ہیں کہ آئندہ نہایت احتیاط کیجائیگی۔ لہذا انکا قصور بھی معاف کیا جاتا ہے۔ آئندہ احتیاط سے کام لیتے رہیں۔ اور سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاؤس مولوی مسجد نور محمد خان بہادر و منشی شوکت علیخان پیشکار کو کافی ہدایت کردیں کہ آئندہ ایسے قصور نکریں اور کام اپنا مستعدی سے ساتھ کرتے رہیں۔ اور آئندہ کیواسطے احتیاط کریں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔ نقل روبکار درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۸ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

ٹینس کورٹ کی حالت نہایت خراب ہو رہی ہے۔ یہ زمانہ سرسبزی گھاس کا ہے لیکن بوجہ نہونے رولر وغیرہ کے ٹینس کورٹ کی گھاس خشک ہو رہی ہے نگرانی کافی نہیں ہوتی۔ الیاس خان مارکر و چندا چودھری تا درستی ٹینس کورٹ معطل کئے جائیں۔ لہذا

حکم ہوا کہ

احکام معطلی الیاس خان مارکر و چندا چودھری تا درستی ٹینس کورٹ صدر سے جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۳ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

قبل ازیں احکام تنزل و معطلی ملازمان ذریعہ روبکار اجلاس ہذا جاری ہو چکے ہیں فہرست ملازمان تنزل شدہ و معطل شامل روبکار ہذا ہے۔ ان ملازمان کی معافی کی نسبت صاحب سپرنٹنڈنٹ پرنسز پیلس و پیشکار اجلاس سفارش کرتے ہیں اور نیز جملہ ملازمان مذکورہ کو کافی ہدایت بھی ہو چکی اور آئندہ کے لئے بھی انکو متنبہ کردیا گیا ہے۔ لہذا ملازمان مندرجہ فہرست منسلکہ روبکار ہذا کا قصور معاف کیا جاتا ہے۔ آئندہ اس قسم کی بے احتیاطی ہونے پر مناسب تدارک کیا جائیگا

ایام تنزل و معطلی کی تنخواہ وضع نہیں ہوگی بلکہ پوری دیدی جائے۔ روبکار ہائے تنزل و معطلی منسوخ کئے جائیں۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ جملہ ملازمان کو مطلع کردیں۔

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام بحالی حسب ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجاتے۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد صاحب بہادر دام اقبالہم

فہرست ملازمان کوٹھی ولیعہدی

نمبر شمار	نام ملازم	عہدہ	تنخواہ	کیفیت سزا
۱	عبد الحمید	منصرم	[illegible]	تنزل [illegible] بحساب [illegible] ماہوار مارچ سنہ ۲۷ء بحکم ۲ مارچ سنہ ۲۷ء
۲	〃	〃	[illegible]	〃 [illegible] بحساب [illegible] ماہوار مارچ سنہ ۲۷ء بحکم ۸ مارچ سنہ ۲۷ء
۳	رام رتن	گماشتہ	[illegible]	〃 [illegible] بحساب [illegible] ماہوار مارچ سنہ ۱۹۲۷ء 〃
۴	محمد علیخان	منصرم	[illegible]	〃 [illegible] بحساب [illegible] ماہوار مارچ سنہ ۱۹۲۷ء 〃
۵	ننھے	بہرہ	[illegible]	〃 [illegible] بحساب [illegible] مارچ و اپریل سنہ ۲۷ء 〃
۶	امجد علی	خدمتگار	[illegible]	〃 [illegible] [illegible] ماہوار مارچ سنہ ۲۷ء 〃
۷	بدھن	〃	[illegible]	〃 [illegible] 〃 〃
۸	حمید	〃	[illegible]	〃 [illegible] 〃 〃
۹	مہدی	〃	[illegible]	〃 [illegible] 〃 〃
۱۰	محمد احمد خان	محرر باورچیخانہ	[illegible]	〃 [illegible] بحساب [illegible] ماہوار مارچ سنہ ۱۹۲۷ء 〃
۱۱	الیاس خان	مارکر	[illegible]	معطل بحکم ۸ مارچ سنہ ۲۷ء
۱۲	چندا	چودھری [illegible]	[illegible]	〃 〃

دستخط منشی شوکت علیخان پیشکار

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۱ مارچ سنہ ۱۹۲۷ء

مثل تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت مزید ایک ماہ سات یوم منشی مسعود حسین معاون [illegible] تحصیل [illegible] باستقلال سابقہ [illegible] ملاحظہ ہوا۔

حکم

ایک ماہ سات یوم کی رخصت مزید باستقلال سابقہ حسب رپورٹ حاکم صاحب [illegible]

منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب ہوم سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۱۶ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

ڈبی دیال وکیل پر دو مقدمے فوجداری قایم ہوئے تھے ایک مقدمہ دفعہ ۴۶۷ تعزیرات ہند متعلق جعل وکالت نامہ کے۔ اور دوسرا مقدمہ دفعہ ۲۰۹ تعزیرات ہند متعلق تضیع رجسٹر و نقل فیصلہ کے تھا۔ عدالت سشن سے مقدمہ اول الذکر مین وہ سزایاب ہوا تھا۔ اور دوسرے مقدمہ مین وہ بری ہوا تھا۔ بر طبق اپیل مقدمہ اول الذکر مین جسمین کہ وہ سزایاب ہوا تھا عدالت العالیہ سے بری ہوگیا۔ اب اسکو نوٹس دیا گیا کہ اس کارروائی خلاف پیشہ وکالت کے بابت کیون اس سے مواخذہ نکیا جائے۔ آج وہ حاضر آیا اور برأت مقدمہ مذکورہ کی بنا پر استدعا کرتا ہی کہ وکالت پر اسکو بحال کیا جائے۔ اگرچہ مقدمہ فوجداری سے وکیل مذکور رہا ہوگیا۔ مگر وہ مسلین اسوقت موجود ہین اور اُس سے واضح ہی کہ گو انہین ثبوت کامل واسطے تجویز ثبوت جرم کے نہین ہی۔ تاہم مواد کافی قوی شبہ کا ہی کہ اس معاملہ مین ڈبی دیال کا طرز عمل تدین سے دور رہا ہی۔ اور پیشہ وکالت کے خلاف وہ عمل پیرا ہوا ہے۔ وکیل مذکور نے معافی بھی چاہی ہی۔ اور برائے آیندہ نیک چلنی کا اقرار بصفائی دلی سے کیا۔ ان امور کو ملحوظ رکھکر مین یہ کافی سمجھتا ہون کہ وکیل مذکور کی سند صرف ڈیڑھ سال کے واسطے ضبط کی جائے۔ اور اس مدت مین وہ زمانہ بھی محسوب کرلیا جائے جسمین وہ زیر حکم ۲ مئی سنہ ۱۹۲۶ء تا حال معطل رہا ہے۔ لہذا

حکم ہے کہ

ڈبی دیال کی سند وکالت بوجہ خلاف پیشہ وکالت عمل کرنیکی ابتدا سے ڈیڑھ سال کیواسطے ضبط کیجائے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور نقل اسکی درج گزٹ بھی ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
رخصت

۱۵ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

مثل عرضی محمد اکمل ناظر اجلاس دربارہ منظوری رخصت مزید ہشت یوم بوجہ علالت آشوب چشم۔

حکم

رخصت آٹھ یوم بسلسلہ رخصت سابقہ منظور ہی۔ احکام ضابطہ جاری ہون

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہوکر طبع ہوگئی ہین ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہی۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائے۔ خود بھی خرید فرماکر پڑھیے اور احباب کو دکھائے۔

قول شافی - یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہی۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہی۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک

التوحید - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہی۔ اسمین خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک

العدل - یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا دوسرا حصہ ہی جسمین حق تعالیٰ کی عدالت و حکمت سے نہایت بسط و تفصیل کیساتھ بحث کی گئی ہے

خصائص معاویہ - یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کی تتمات مین سے ہے جو در اصل محمد بن عقیل کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہی بعض مطالب کا اسمین اضافہ کیا گیا ہی قیمت علاوہ محصول ڈاک

جسقدر نسخے مطلوب ہون منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت مین اسکی درخواست بھیجی جائے

ذو الفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۴ لغایت ۲۱ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶ ۱ار		۶ ۱ار	۱۰۶ ۱ار		۶ ۱ار	
نخود خاص	۶ ۱ار		۱۰۷ ۱ار	۱۰۶ ۱ار		۶ ۱ار	
نخود کسہ آمیز	۷ ۱ار		۸ ۱ار	۱۰۷ ۱ار		۱۰۶ ۱ار	
کسہ	۷ ۱ار		۵ ۱ار	۸ ۱ار		۷ ۱ار	
ماش	۵ ۱ار		۱۰۵ ۱ار	۱۰۵ ۱ار		۵ ۱ار	
مونگ	۴ ۱ار		۵ ۱ار	۱۰۴ ۱ار		۱۰۵ ۱ار	
مکا	۸ ۱ار		۰	۸ ۱ار		۷ ۱ار	
جئی	۹ ۱ار		۰	۹ ۱ار		۱۰ ۱ار	
گوجئی	۸ ۱ار		۰	۷ ۱ار		۸ ۱ار	
عدس	۶ ۱ار		۰	۶ ۱ار		۰	
ارہر			۰			۰	
برنج	۵ ۱ار		۵ ۱ار	۵ ۱ار		۵ ۱ار	
روغن زرد	۵ چھٹانک		۸ چھٹانک	۰ ۱ار		۰ ۱ار	
روغن سیاہ	۱ ۱ار		۱۰ ۱ار	۱۰ ۱ار		۱۰۱ ۱ار	
روغن کنجد	۱ ۱ار		۰	۱ ۱ار		۱ ۱ار	
نمک سانبھر	۱۲ ۱ار		۱۲ ۱ار	۱۱ ۱ار		۱۲ ۱ار	
نمک لاہوری	۶ ۱ار		۶ ۱ار	۰		۱۰ ۱ار	
قند سیاہ	۶ ۱ار		۶ ۱ار	۱۰۶ ۱ار		۶ ۱ار	
[illegible]	[illegible]		۰	۰		[illegible]	

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر - واقع ۱۳؍ جون ۱۹۲۶ء

نتیجہ امتحان سالانہ ۱۹۲۶-۱۹۲۵ء گزٹ مین شائع کیا جاے - اور ایکسو جلد نتیجہ کی براے تقسیم مدارس شہر و مضافات علحدہ طبع کرا کر انسپکٹر مدارس کے پاس بھیجدیجائین -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

جناب عالی

نتیجہ امتحان سالانہ بابت سال ۲۶-۱۹۲۵ء بامید ملاحظہ پیش ہے - ایکسو جلد بنا بر تقسیم مدارس شہر و مضافات درکار ہین - اُمید کہ مہتمم صاحب مطبع کو ہدایت فرمائی جاے کہ ایکسو جلد بعد انطباع دفتر انسپکٹری مدارس مین بھیجدین - والادب - ۱۲؍ جون ۱۹۲۶ء

صادق حسین انسپکٹر مدارس